# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 21 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱/اگست ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مرکزی وزیر داخلہ کی جانب سے تین نئے بل لوک سبھا میں پیش۔ سنگین جرائم کے مرتکب عوامی نمائندوں کو عہدے سے ہٹانے کی شق پر حزب اختلاف کی جانب سے شدید اعتراض۔

☆ پروموشن اینڈ ریگولیشن آف آن لائن گیمنگ بل لوک سبھا میں منظور۔

☆ سمردھی ایکسپریس کی طرز پر ناندیڑ۔جالنہ ایکسپریس وے کیلئے معاوضے کی ادائیگی کے متبادل پر غور کیا جائے۔وزیر محصول باون کڑے کی ہدایت۔

☆ ریاست میں شدید بارش سے آٹھ لاکھ ہیکٹر سے زائد فصلوں کو نقصان پہنچا؛ پنچنامے تیز رفتاری سے کیے جائیں: وزیر زراعت دتا ترے بھرنے کا عندیہ۔

اور۔۔۔☆ جائیکواڑی اور مانجرا ڈیمس سے پانی کے اخراج کا آغاز؛ انتظامیہ کی جانب سے ندی کے کنارے رہنے والوں کو خبر دار رہنے کی ہدایت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ’’130 واں آئینی ترمیمی بل 2025‘‘، مرکز کے زیر انتظام حکومت بل 2025 اور جموں وکشمیر دوبارہ تشکیل بل 2025 کل لوک سبھا میں پیش کیا۔ اس بل میں وزیر اعظم، وزراء اعلیٰ اور وزراء پر سنگین الزامات عائد ہونے یا 30 دن کے لیے قید ہونے پر انہیں عہدے سے ہٹائے جانے کی شق ہے۔ کانگریس، ایم آئی ایم اور سماج وادی پارٹی سمیت حزب اختلاف نے اس بل کی شدید مخالفت کی اور کہا کہ یہ بل جمہوریت کے لیے نقصان دہ ہے۔ ایوان نے یہ تینوں بل تفصیلی جائزے کیلئے پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کو روانہ کر دیا ہے۔

***** ***** *****

پروموشن اینڈ ریگولیشن آف آن لائن گیمنگ بل کل لوک سبھا نے منظور کر لیا۔ اس سلسلے میں الیکٹرانکس اور اطلاعات کے وزیر اشونی ویشنو نے تفصیلات پیش کیں۔ انہوں نے کہا:

**Byte: Ashwini Vaishnav, Minister for Electronics & Communication**

اس بل کا مقصد ای۔ اسپورٹس، تعلیمی وسماجی کھیلوں سمیت آن لائن گیمز کو فروغ دینا اور انہیں باقاعدہ ضابطہ بند کرنا ہے۔ اس قانون کے ذریعے گیمنگ کے شعبے کے لیے قومی سطح پر ایک قانونی ڈھانچہ تیار کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کسی بھی آن لائن گیم کے ذریعے سروسیز اور اشتہارات کی مد میں مالی لین دین پر مکمل پابندی عائد کی جائیگی۔ اس بل میں تین برس کی قید اور ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کرنے یا دونوں سزاؤں کا التزام ہے۔ اس بل کے باعث شہریوں اور بالخصوص نوجوانوں پر مرتب ہونے والے سماجی، معاشی اور نفسیاتی مضر اثرات کو روکنے میں مدد ملے گی۔

راجیہ سبھا میں وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کی جانب سے پیش کردہ انڈین انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اصلاحاتی بل کل منظور کرلیا گیا۔ دریں اثناء پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس آج اختتام پذیر ہورہا ہے۔

***** ***** *****

قومی جمہوری اتحاد NDA کے نائب صدر جمہوریہ کے عہدے کے امیدوار گورنرسی پی رادھا کرشنن نے کل سنسد بھون میں اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی سمیت مرکزی کابینہ کے ارکان اوراین ڈی اے کی رکن جماعتوں کے ارکان پارلیمان اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

وزیرمحصول چندرشیکھر باون کڑے نے ہدایت کی ہے کہ ناندیڑ جالنہ ایکسپریس وے کے لیے سمردھی ایکسپریس وے کی طرز پر ہی زمین ایکوائر کیے جانے کا معاوضہ ادا کرنے کے متبادل پر غور کیا جائے۔ کل اس سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ اجلاس میں ضلع کلکٹر کو ہدایت کی گئی کہ 2021 کے بازار بھاؤ کے مطابق ہی شرح طئے کرکے رپورٹ مرتب کی جائے۔ اس کے علاوہ وزیر موصوف نے باغات اور رہائشی علاقوں کے معاوضے کی ادائیگی کے لیے رپورٹ تیار کرنے کا بھی حکم دیا۔ چندرشیکھر باون کڑے نے بلدیہ جات اور میونسپل کارپوریشنس کی حدود میں واقع گھروں کو ریگولرائز کرنے کے لیے ایک دن مختص کرنے کی بھی ہدایت کی۔

***** ***** *****

عوامی اور خانگی شراکت کے تحت قائم کردہ ’’مہاراشٹر نالج کارپوریشن لمیٹڈ‘‘ MKCL کی گزشتہ 25 سالہ کارکردگی کی وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ستائش کی ہے۔ وہ کل پونا میں ایم کے سی ایل کی سلور جوبلی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس ادارے کے باعث صنعت کاروں کا ایک جال پھیلانے میں مدد ملی ہے۔ اس ادارے میں خانگی شعبے کی فعالیت اور عوامی شعبے کا احساسِ ذمہ داری شامل ہے۔ جس کی وجہ سے ادارے نے اب تک بہتر کارکردگی انجام دی ہے۔

***** ***** *****

سابق وزیراعظم آنجہانی راجیو گاندھی کی 81 ویں سالگرہ کے سلسلے میں کل وزراعظم نریندر مودی نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ پارلیمنٹ کے مرکزی ہال میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور دیگر ارکان نے راجیو گاندھی کے مجسّمے پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ ممبئی میں بھی راج بھون میں راجیو گاندھی کی شبیہ پر پھول چڑھائے گئے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی میں راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے سد بھاؤنا دیوس کا حلف لیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں نو اگست سے اب تک 19 اضلاع کے 187 تعلقوں میں شدید بارشیں ہوئیں ہیں۔ اس عرصے کے دوران آٹھ لاکھ ہیکٹر سے زائد رقبے پر فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ یہ معلومات وزیر زراعت دتاترے بھرنے نے دی۔ ان میں ناندیڑ ضلع میں سب سے زیادہ دو لاکھ 86 ہزار ہیکٹر رقبے پر کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا۔ ہنگولی ضلع میں 40 ہزار ہیکٹر، دھاراشیو میں 29 ہزار اور پربھنی ضلع میں 20 ہزار رقبے پر فصلوں کو نقصان پہنچا۔ وزیر موصوف نے حکم دیا کہ موسلا دھار بارشوں کے باعث ہونے والے نقصانات کے پنچ نامے فوری طور پر مکمل کرکے ضلع انتظامیہ اقدامات کرے اور متاثرہ کسانوں کو امداد فراہم کرے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ایک بھی کسان امداد سے محروم نہ رہے۔ ریاست میں بارش کے باعث تقریباً 21 افراد کی موت واقع ہوئی۔ اس کے علاوہ بڑے پیمانے پر مویشیوں کی بھی ہلاکت ہوئی۔

دریں اثناء، وزیرِ زراعت بھرنے، نے کل ناندیڑ ضلع کے حد گاؤں تعلقے کے کرموڑی دیہات میں فصلوں کو ہونے والے نقصانات کا معائنہ کیا۔ انھوں نے تیقن دیا کہ پنچنامے اور رپورٹ موصول ہونے کے فوری بعد کسانوں کو معاوضہ ادا کر دیا جائے گا۔

اسی دوران ناندیڑ تحصیل دفتر میں شہریوں کیلئے ایک خصوصی ایمرجنسی امدادی مرکز شروع کیا گیا ہے۔ شہری صفر۔ دو۔ چار۔ چھ۔ دو۔ دو۔ تین۔ چھ سات۔ چھ نو، یا سات دو، چھ دو، آٹھ نو، آٹھ آٹھ، ایک پانچ پر اس مرکز سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع میں بسمت اور اونڈھا کا ضلع کلکٹر راہل گپتا نے دورہ کیا اور فصلوں کو ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انھوں نے زرعی شعبے کے افسران کو ہدایت کی کہ نقصانات کے فوری پنچنامے کر کے رپورٹ روانہ کریں۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے اودگیر تعلقے کے سیلاب زدہ بورگاؤں بُدرک، دھڑ کناڑ اور ٹاکلی دیہاتوں کا ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے دورہ کیا۔ اس موقع پر انھوں نے انتظامی اجلاس لیکر پنچناموں، امدادی کاموں اور صحت کی سہولتوں کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے مطالبہ کیا ہے کہ ریاست میں گیلا قحط ظاہر کر کے کسانوں کو فی ہیکٹر 50 ہزار روپئے کی شرح سے امداد دی جائے۔ اس سلسلے میں انھوں نے ایک مکتوب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو ارسال کیا۔ انھوں نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں تمام شرائط کو بالائے طاق رکھ کر کسانوں کو امداد دی جائے۔

***** ***** *****

ریاست میں ممبئی، کوکن اور بیشتر علاقوں میں آج یلو الرٹ اور پونا ضلع کے پہاڑی علاقوں میں آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ مراٹھواڑہ اور ودربھ سمیت ریاست کے دیگر علاقوں میں بارشوں کا زور کم ہوا ہے۔ یہ اطلاع محکمۂ موسمیات کی جاری کردہ رپورٹ میں دی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن کے جائیکواڑی آبی منصوبے سے آج صبح چھ بجے سے پانی کا اخراج شروع کیا گیا۔ اس پشتے کے 18 دروازے نصف فٹ کھول کر ساڑھے نو ہزار ملین مکعب فٹ کی رفتار سے پانی چھوڑا جا رہا ہے۔ ڈیم میں آبی ذخیرہ 95 فیصد ہے۔ مانجرا آبی منصوبے کے بھی دو دروازے کل کھول دیئے گئے جس سے ایک ہزار 747 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کا اخراج جاری ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں فی الحال مویشیوں میں جِلدی مرض ''لمپی'' بڑے پیمانے پر پھیل رہا ہے۔ اس کے پیشِ نظر کل ہونے والا بیل پولا تہوار سادگی کے ساتھ اور محفوظ طریقے سے منانے کی اپیل ضلع انتظامیہ نے کی ہے۔ ضلع میں اس مرض سے 411 مویشی متاثر ہوئے ہیں، جن میں سے 179 مویشیوں کا علاج اب بھی جاری ہے اور 32 جانور ہلاک ہو چکے ہیں۔ متاثرہ دیہاتوں میں اور اس کے آس پاس پانچ کلومیٹر تک کے علاقوں میں مویشیوں کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مرکزی وزیر داخلہ کی جانب سے تین نئے بل لوک سبھا میں پیش۔ سنگین جرائم کے مرتکب عوامی نمائندوں کو عہدے سے ہٹانے کی شق پر حزب اختلاف کی جانب سے شدید اعتراض۔

☆ پروموشن اینڈ ریگولیشن آف آن لائن گیمنگ بل لوک سبھا میں منظور۔

☆ سمردھی ایکسپریس کی طرز پر ناندیڑ۔ جالنہ ایکسپریس وے کیلئے معاوضے کی ادائیگی کے متبادل پر غور کیا جائے۔ وزیر محصول باون کڑے کی ہدایت۔

☆ ریاست میں شدید بارش سے آٹھ لاکھ ہیکٹر سے زائد فصلوں کو نقصان پہنچا؛ پنچنامے تیز رفتاری سے کیے جائیں: وزیر زراعت دتا ترے بھرنے کا عندیہ۔

اور۔۔۔☆ جائیکواڑی اور مانجرا ڈیمس سے پانی کے اخراج کا آغاز؛ انتظامیہ کی جانب سے ندی کے کنارے رہنے والوں کو خبر دار رہنے کی ہدایت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****